دوبارہ شائع کیا ہے۔ اسلامی نظامِ حکومت کے تصور، موجودہ دور میں اس کے نفاذ اور اس بارے میں غلط فہمیوں کے حوالے سے ایک مختصر اور جامع تحریر ہے۔ تاہم پروف کی اغلاط توجہ چاہتی ہیں۔]

◉ **اللہ میرے دل کے اندر**، ملک احمد سرور۔ ناشر: مکتبہ تعمیر انسانیت، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۰۳۳۳-۷۲۳۷۵۰۰۔ صفحات: ۵۵۲۔ قیمت: ۷۹۵ روپے۔ [زیادہ دل چسپی سے پڑھی جانے والی کتابوں میں آج کل ایسی کتابیں زیادہ مقبول ہیں جو قبولِ اسلام کی تفصیل بتاتی ہیں۔ اسی قبیل کی ایک وقیع اور خوب صورت کتاب بیدار ڈائجسٹ اور خطیب کے مدیر اور نام وَر صحافی ملک احمد سرور صاحب نے مرتب کی ہے جو سرورق کے مطابق: ''ممتاز غیر مسلم شخصیات کے قبولِ اسلام کی داستانوں'' پر مشتمل ہے۔ جن میں ہندو بھی ہیں، عیسائی بھی، اور لامذہب اور یہودی بھی۔ مرتب نے، جہاں ممکن ہوا، نومسلم کا شخصی تعارف بھی دے دیا ہے۔ بعض خودنوشتیں بھی ہیں، کچھ انٹرویو ہیں اور چند داستانیں مضامین کی شکل میں ہیں۔ ڈاکٹر خالد علوی صاحب نے اس پر مفصل دیباچہ سپردِ قلم کیا ہے۔ ان کے الفاظ میں: ''یہ ایک شان دار مرقع ہے۔ کفر کی یلغار کے ان بے رحم موسموں میں یہ کتاب اعتماد کی ایک کرن ہے''۔]

◉ **علامہ اقبال کا خطبۂ صدارت**، اسلم عزیز درّانی۔ ناشر: بیکن بکس، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۵۶+۴۸۔ قیمت: ۱۵۰ روپے۔ [علامہ اقبال کے تاریخ ساز خطبہ الٰہ آباد ۱۹۳۰ء کا انگریزی متن اور اُردو ترجمہ اور اس پر ۱۵ حواشی و تعلیقات۔ خطبے کا تعارف اُردو اور انگریزی دونوں حصوں میں شامل ہے۔ بیکن بکس نے اسے دوسری بار بہتر معیارِ طباعت پر شائع کیا ہے۔]

◉ **اشاریہ جہانِ حمد**، مرتب: ڈاکٹر محمد سہیل شفیق۔ ناشر: جہانِ حمد پبلی کیشنز، حمد و نعت ریسرچ سنٹر، نوشین سینٹر، سیکنڈ فلور، کمرہ نمبر ۱۹، اُردو بازار، کراچی۔ صفحات: ۳۵۲۔ قیمت: درج نہیں۔ [یہ ایک موضوعاتی رسالے جہانِ حمد کے ۱۹ شماروں (جون ۱۹۹۸ء تا ۲۰۱۱ء) کا زیرنظر اشاریہ ہے۔ اس میں رسالے کے متعدد خاص نمبروں (نعت نمبر، مناجات نمبر، قرآن نمبر یا بہزاد لکھنوی نمبر، صبا اکبرآبادی، علامہ اقبال، امام احمد رضا نمبر وغیرہ) کے مضامین و مقالات، تبصرۂ کتب اور حمد و مناجات کے حوالے سے الگ الگ گوشوں میں دیے گئے ہیں۔ مقالات و مضامین کا اشاریہ عنوانات کے لحاظ سے بھی مرتب کیا گیا ہے۔ اگر آپ یہ معلوم کرنا چاہیں کہ کسی خاص شاعر کی کوئی حمد یا نعت جہان حمد میں کب چھپی ہے یا چھپی بھی ہے یا نہیں، تو اس اشاریے سے فی الفور جواب مل جائے گا۔ حمدیہ اور نعتیہ رباعیات، حمدیہ و نعتیہ اشعار، قطعات، منظومات اور حمد و مناجات کے عنوانات کے تحت الگ الگ مصنف وار اشاریے مرتب کیے گئے ہیں جو ہمارے خیال میں یک جا ہونے چاہییں۔ 'پیغامات و تاثرات' کا اشاریہ بھی بہ اعتبار مصنفین شامل ہے۔ خطوط اور انٹرویو کا اشاریہ الگ ہے، اسی طرح نذرانہ ہائے عقیدت کا الگ۔]